گلدستہ اخبار

——— کشمیر ایجی ٹیشن بڑے زور شور سے جاری ہے۔ پنجاب کے ہر اضلاع سے رضاکار سول نافرمانی کرنے کشمیر جاتے ہیں جن کو گرفتار کیا جاتا ہے۔ آج ۲۲۔ دسمبر تک سول نافرمانی کو ۵۱ دن ہوئے ۲۲۶۲۰ احرار اسلام گرفتار ہو چکے ہیں۔

——— معلوم ہوا ہے کہ کشمیر کے متعلق مجلس احرار اسلام کے ساتھ صلح کی گفتگو ہونے والی ہے۔ چنانچہ رہنمایان احرار لاہور بورسٹل جیل میں لائے گئے ہیں۔

——— مولانا داؤد غزنوی کو ایک سال قید اور چار سو روپیہ جرمانہ کی سزا ہوئی ہے۔ انشاء اللہ جلد نکل آئینگے۔

——— مولانا ظفر علی خان آف "زمیندار" کو انکم ٹیکس ادا نہ کرنے کے باعث ایک ماہ قید محض کیا گیا۔

——— ۱۵۔ دسمبر سے پوسٹ کارڈ کی قیمت تین پیسے اور لفافہ کی پانچ پیسے ہو گئی ہے۔ اگر کوئی دو پیسے والا کارڈ ڈالیگا تو وہ محکمہ ڈاک کی نذر تلف کردیگا۔ اور ایک آنہ والا لفافہ دو پیسے کا بیرنگ کیا جائیگا۔

——— صوبجات متحدہ کے کسانوں نے لگان ادا نہ کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ اور یہ بھی فیصلہ کیا ہے کہ اگر اس سلسلہ میں ان پر مقدمات چلائے جائیں تو ان کی پیروی نہ کی جائے۔ کانگرس نے بھی اس کی اجازت دیدی ہے۔

——— مداری پور پوسٹ آفس کے ہرکارے کو گولی سے زخمی کر کے حملہ آور ڈاک کا تھیلا لیکر بھاگ گئے۔

——— ماہ نومبر میں ۶۵ لاکھ کا سونا ہندوستان سے انگلستان بھیجا گیا۔

——— معلوم ہوا ہے کہ راجہ محمد افضل خان گورنر جموں نے استعفا دیدیا ہے۔

——— بنگال آرڈی ننس کے ماتحت کلکتہ سے سات نوجوان گرفتار کر لئے گئے ہیں۔

... ابو الرضا عطاء اللہ ... پبلشر کے اہتمام سے ... امرتسر ...